جے۔ بی۔ پروڈکشن کا

इसी का नाम दुनिया है

اسی کا نام دنیا ہے

قیمت ۱ر

ادا کاران

اشوک کمار۔ شیاما۔ محمود۔ کے۔ این۔ سنگھ۔ ہیلن

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

اِسی کا نام دُنیا ہے فلم کے

نمبر ۱

لڑکا:- آنے آنے دو دو آنے لے لو کھلونے سستے
لڑکی: لیکن پڑے ہیں دو دیوانے بکنے رستے رستے
لڑکا:- یہ پوں پوں کرتا باجہ یہ رانی اور یہ راجہ
جیبی گٹ ار روسی بندر جو جی چاہے لینا جا
لڑکی: یہ موٹر ہے جاپانی یہ صاحب انگلستانی
سب سے اچھی ہندوستانی گڑیا ہے لیتا جا
لڑکا:- ٹھمکے ٹھمکے اماں بابا کھیلیں ننھے منے
لڑکی:- لے لو جی یہ چوکیدار پہرہ دے گا جی سرکار
لڑکا:- تم بھی رہنا اپنے کیسے پاکٹ سے ہوشیار
لڑکی:- بھیا طوطا لو یا گھوڑا یا لوسنیوں کا جوڑا
لڑکا:- پھرکی لو یا لٹو لو یا لے لو تھانیدار
لڑکی:- لے لو جی یہ رنگ برنگے پھولوں کے گلدستے
لڑکا:- ہم ہیں ابھاگے ہمکو ملا نا مات پتا کا پیار
لڑکی:- ہمکو کھلونا جان کے کھیلے یہ ظالم سرکار
دونوں:- اسی لئے تو آج بھٹکتے ہیں ہم رستے رستے

گانا نمبر ۲

یہ محفل یہ [illegible] یہ رنگین باتی

اسی میں ہے دُنیا کی ساری کہانی
یہ کہتی ہے دُنیا اسے چھوڑ دوں میں
یہ بوتل بھلا کس طرح چھوڑ دوں میں
ملی جب اسی سے مجھے زندگانی
بہاروں کی رانی یہ متوالوں کی ملکہ
اِسے پیتے ہی لگتا ہے جگ ہلکا ہلکا
سلامت رہے تو تیری یہ جوانی
صراحی میں جتنی ہے ساقی لٹا دے
میرے سر سے تو فکر دُنیا مٹا دے
ترا شکریہ اور تیری مہربانی
اسی میں ہے دُنیا کی ساری کہانی

گانا نمبر ۳

لڑکا:۔ اکڑ کر جا رہے ہیں جائیے پچھتائیگا
مگر ہم جیسا دل والا کہیں نہ پائیگا
لڑکی: جتیوں سے ذرا بچئے نہ یوں ٹکرائیگا
بہت ہوشیار بنئیے گا تو دھوکا کھائیگا
لڑکا:۔ محبت کا سفر یہ بڑا لمبا سفر ہے
ہمارے ساتھ چلئے بھٹک جانے کا ڈر ہے
لڑکی:۔ نہ کیجئے فکر میری مجھے اپنی خبر ہے
مسافر جاننا ہے اُسے جانا کدھر ہے
لڑکا:۔ سنبھل کر پاؤں رکھئے ورنہ پھسل کر کھائیے گا

لڑکی:۔ سلامت ہیں ادائیں تو دلوالے بہت ہیں
جلے گی شمع جب تک تو پروانے بہت ہیں
لڑکا:۔ نہ دیں ہم جان اپنی اداؤں پر تمہاری
تو یہ ظالم، ادائیں دھری رہ جائیں ساری
ناموں لگے ہم تو کس کو یہ ادا دکھلائیے گا
بلّو چھوڑو یہ جھگڑے چلو جی پیسے ہارے
ذرا ایک بار پھر سے دینی پہلے اشارے
لڑکی:۔ نا کیجئے آرزو پھر محبت کی دوبارہ
بڑا افسانہ ہے میری ناکامیوں کا اشارہ
لڑکا:۔ کہاں تک اور دیوانے کو اب تڑپائیے گا
گانا نمبر ۲:۔ با جلبی اور با قریشی
تیری نظر سے یہ نظر ملی تو دل مچل گیا
حسن مہربان ہے نگاہ تو ملائے
لرزاں کسی کو تو یہ جان من بنائے
کھلے ہیں دل کے راستے ہمیشہ تیرے واسطے
بن کے مہربان دل میں آجاؤ کبھی کبھی
شمع پھر جلے گی کل یہ کون جانتا ہے
ہو گی کل یہ محفلیں جو کس کو یہ پتہ ہے
ذرا ذرا قدم بڑھا اشارہ کوئی کر رہا
پھر بھی تو نہ آئے تو یہ تیری بدنصیبی
آ گئے ہیں آج تو تیرے بڑے کھلاڑی

غرض کوئی کہ پٹھان کوئی کہ اکوئی کمار وار کی
ہر ایک ہوشیار ہے ہر ایک بے قرار ہے
جس پہ ہو میری نظر اُس کی خوش نصیبی
یا جیبی ــــــ

گانا نمبر ۵:۔ مجھ کو سہارا دینے والے
یہ دِل کہتا ہے تیرا شکریہ
مجھ کو سہارا دینے والے
کب سے بھٹکتے تھے راہوں میں ہم
دِل میں چھپائے ہوئے دُنیا کے غم
جب سے ہوا ہے ہم پہ تیرا کرم
ہو کے خوشی سے دیوانہ دیکھو ناچے جیا
ہو مجھ کو سہارا دینے والے
سمجھ میں نہ آئے کیا میں بدلے میں دوں
تمنا یہی ہے تیری بن کے رہوں
دِل میں بٹھا کے تیری پوجا کروں
میں ہوں تیری پجارن تو ہے میرا دیوتا
ہو مجھ کو سہارا ــــــ
زمانہ جو دے نہ سکا تو نے دیا

گانا نمبر ۶:۔ چلو مانا کہ محفل میں
ہمیں گانا نہیں آتا
مگر یہ بات کیا کم ہے کہ شرمانا نہیں آتا

جہاں جائیں گے دیوانے وہیں محفل جما لیں گے
جسے چاہیں گے مستانے اسے اپنا بنا لیں گے
کوئی جھک کر ملے ہم سے تو ہم سجدے کریں اس کو
اگر وہ جان بھی مانگے تو اپنی جان دیں اس کو
اگر اکڑے کوئی ہم سے تو قدموں میں جھکا لیں گے
جسے چاہیں گے مستانے اسے اپنا بنا لیں گے
جہاں جائیں گے دیوانے —
ذرا پوچھے کوئی ان سے وہ خود کو کیا سمجھتے ہیں
جو اپنے آپ ہی تک حسن کی دنیا سمجھتے ہیں
جدھر ڈالیں گے ہم نظریں نئی دنیا بنا لیں گے
جسے چاہیں گے مستانے —
اگر وہ مسکرا دے چھوڑ دے غصہ وہ ناراضی
خوشی سے ہار جائیں گے یہ ہم جیتی ہوئی بازی
یہ پل دو پل کے جھگڑے ہیں
انہیں ہنس کر مٹا لیں گے
جہاں جائیں گے دیوانے وہیں محفل جما لیں گے
جسے چاہیں گے مستانے اسے اپنا بنا لیں گے

گانا نمبر ۶

مدھوبن میں شیام کی باجی رے بانسریا
جانے دے نہ روک سکھی موری ڈگریا
ایسی میٹھی دھن میں بجائے مورا چھلیا

گو مِو گو ہو کرے جیسے بن بن کوئلیا
بانسری کی تان مورا جیا ترپائے رے
کیسے نہ جیا دُکھ موہے چین نہ آئے رے
چھم چھم ناچوں بن تو ہو کے باؤریا
مدھو بن ہیں شیام

چوری چوری سکھی نکلی ہوں گھر سے
پیا کے ملن کو جیا مورا ترسے
بنتی کرے ہے تو سے پھولوں کا گجرا
بتیاں پڑے ہوئے ہیں آنکھوں کا کجرا
پیا پیا بولے موری پیاسی نجریا
مدھو بن ہیں شیام

ختم شد

پامسٹری عرف خط تقدیر

علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا بھلا اگلا احوال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف -/1/8 محصولڈاک معاف

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/1/8 محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی